© rasailojaraid.com

قرآن مجید کا ہندی ترجمہ

از جناب نندکار صاحب اوستھی۔ تقطیع کلاں ضخامت ایک ہزار تیس صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت -/۳۶ - پتہ: نیپالی پریس، رانی کٹرہ، لکھنؤ ۳۔

اوستھی جی جو ہندی زبان کے مشہور مصنّف اور مقالہ نگار ہیں لائق مبارکباد ہیں کہ انھوں نے سالہائے دراز کی مسلسل محنت وکاوش کے بعد آخر قرآن مجید کا ہندی ترجمہ مکمل کر کے شائع کر دیا۔ ترجمہ کی زبان اس قدر سہل ہے کہ گویا اگرچہ رسم الخط دیوناگری ہے لیکن زبان ہندوستانی ہے۔ ترجمہ کے ساتھ تشریحی نوٹ بھی ہیں۔ مسلمانوں کے نقطۂ نظر سے ترجمہ و تشریح کے معتبر و مستند ہونے کی دلیل اس سے زیادہ اور کیا ہوگی کہ ایک ذمّہ دار عالم اور ہندی کے فاضل مولانا مفتی محمد صدیق صاحب دار المبلغین لکھنؤ نے ترجمہ و تشریح کا ایک ایک لفظ بڑی احتیاط اور توجہ سے پڑھا ہے اور اس کے بعد انھوں نے لکھا ہے کہ: "مجھ کو پورا اطمینان ہے کہ یہ ترجمہ صحیح اور قابل اعتماد ہے۔ مستند مفسرین کے ترجموں اور تفسیر کے مطابق ہی ہندی میں ترجمہ اور تفسیری نوٹ لکھے گئے ہیں"۔ مولانا کی یہ تحریر اور مولانا سید ابوالحسن علی میاں کا پیش لفظ دونوں شروع میں درج ہیں۔ پھر لائق مترجم نے صرف ترجمہ اور تشریح و تفسیر پر اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ قرآن مجید کے اصل عربی متن کے ساتھ اس متن کو ہندی رسم الخط میں بھی لکھا ہے اس سلسلہ میں ان کا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ چونکہ عربی میں وہ حروف جو اسی زبان کے ساتھ مخصوص ہیں ان کو صحیح مخارج کے ساتھ ادا کرنے کے لیے ہندی میں پہلے نہ حروف موجود تھے اور نہ اصطلاحات، اسی بنا پر فاضل مترجم نے ہندی رسم خط میں کچھ ایسے اضافے کیے اور ایسی اصطلاحات مقرر کیں جن سے عربی حروف کو ان کے صحیح مخارج کے ساتھ ہندی میں ادا کرنے کی دشواری حل ہو سکے۔ ظاہر ہے یہ کام انتہائی صبر آزما اور محنت طلب ہے لیکن فاضل مترجم اس منزل سے بھی بڑی ہمت اور استقلال کے ساتھ گذر گئے ہیں۔ امید ہے کہ ارباب ذوق

© rasailojaraid.com